سوال

اہل حدیث اور مقلدین کے مابین بنیادی فرق السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اہل حدیث اور مقلدین کے مابین اجتہادی اختلافات کی بناء احادیث مبارکہ کا تفاوت ہے۔ اہل حدیث اپنے علماء کے فہم کے مطابق احادیث کو ترجیح دیتے ہیں اور مقلدین مسالک اپنے آئمہ کے فہم کے مطابق ترجیح دیتے ہیں جب جانبین احادیث پر عمل پیرا ہیں تو ایسے میں ان کے درمیان بنیادی فرق کیا ہے؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہمارے خیال میں بات کچھ یوں ہے کہ اہل حدیث اپنے علماء کے فہم کے مطابق احادیث کو ترجیح دلائل کی قوت وصحت کی بنیاد پر دیتے ہیں، اور دلائل کی کمزوری کی صورت میں بسا اوقات اس کو رد بھی کر دیتے ہیں، نیز وہ اپنے علماء کے فہم کو اپنے اوپر لازم نہیں کرتے۔ جبکہ مقلدین کی یہ حالت ہے کہ وہ أئمہ کرام کے فہم کو اپنے اوپر لازم کر لیتے ہیں اور بسا اوقات احادیث سے ٹکرا جانے کے باوجود اسے ترک کرنے کی بجائے احادیث میں تاویل کر کے اسے اپنے امام کے فہم کے مطابق بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک دلائل کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ بس امام کا فتویٰ مل جائے وہی کافی ہے۔ ان کے نزدیک امام کا فتویٰ ہی دلیل ہے۔ ہذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث